# کورڈ NYC کو حاصل کریں ! ضروری پلان میں

New York State کے پاس ایک نیا صحت بیمہ کا پروگرام ہے جسے ضروری پلان کہا جاتا ہے۔
ضروری پلان کم آمدنی والے ان کام کرنے والے بالغوں کے لیے معیاری صحت بیمہ فراہم کرتا ہے
جو میڈیکیڈ کے لیے اہل نہیں ہوتے ہیں۔

## کیا میں ضروری پلان کا اہل ہوں؟

آپ اہل ہو سکتے ہیں اگر آپ:

- بالغ ہیں جو 19-64 سال کی عمر تک ہوتا ہے۔ 19 سال سے کم عمر کے افراد ضروری پلان کے نہیں بلکہ Child Health Plus کے اہل ہوتے ہیں۔
- New York State کے باشندہ ہیں۔
- آمدنی کی اہلیت کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ (مثال کے طور پر: تنہا بالغ جو $24,120 تک کماتے ہوں؛ چار افراد کی فیملی میں بالغ جو $49, 200 تک کماتے ہوں)
- امیگریشن کی حیثیت کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

## میرا انشورنس کس کا احاطہ کرے گا؟

اگر آپ اہل ہوتے ہیں، تو آپ اپنے پلان کو منتخب کر سکتے ہیں۔ سبھی پلان اسی 10 فوائد کا احاطہ کریں گے، جس میں اسپتال کی نگہداشت، نسخے کی دوائیں اور ڈاکٹر کے دورے شامل ہیں۔ آپ مفت احتیاطی نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں، جیسے سالانہ صحت کے دورے اور صحت کی اسکریننگ۔ آپ مفت دانت اور آنکھ کی نگہداشت بھی حاصل کر سکتے ہیں یا ان فوائد کے لئے ادائیگی کر سکتے ہیں، جو کہ آپ کی آمدنی پر منحصر ہوگا۔

## اس کے اخراجات کیا ہوں گے؟

یہ آپ کی آمدنی پر منحصر ہوتا ہے۔ یا تو آپ کوئی پریمیم نہیں ادا کریں گے یا $20 ماہانہ ادا کریں گے۔ آپ کو کوئی سالانہ کٹوتی پوری **نہیں** کرنی ہوگی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ضروری پلان ان خدمات جیسے ڈاکٹر کے دوروں کے لیے فوری طور پر ادائیگی کرنا شروع کردے گا۔

آپ کی آمدنی کی بنیاد پر، جب آپ نگہداشت حاصل کریں گے تو آپ کو ایک معمولی سی فیس ادا کرنی پڑ سکتی ہے، جیسے ڈاکٹر کے پاس جانا یا نسخے کو بھرنا۔

### کیسے درخواست دیں

آپ سال میں کسی بھی وقت ضروری پلان کے لیے اندراج کروا سکتے ہیں۔ آن لائن، فون پر، یا بذات خود درخواست دیں۔ معاونت کئی زبانوں میں دستیاب ہے۔ NY State of Health پر nystateofhealth.ny.gov کو ملاحظہ کریں، یا 1-855-355-5777 یا 311 پر فون کریں۔


### یقین نہیں ہے کہ کیا آپ اہل ہیں؟

کوئی مسئلہ نہیں ہے - آپ پتہ لگانے کے لیے کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں۔ اپنے کوریج کے اختیارات کے بارے میں پتہ لگانا پہلے سے بہت زیادہ آسان ہے !

NYC Human Resources Administration
Department of Social Services

HEALTH INSURANCE LINK

FLY-952 (U)
05/17



## کیا میرے امیگریشن کی حیثیت سے کوئی فرق پڑے گا؟

جی ہاں۔ لیکن زیادہ تر تارکین وطن ضروری پلان کے لیے تب اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ دیگر اہلیت کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ آپ اہل ہو سکتے ہیں اگر امریکی شہری، قانونی مستقل باشندہ، قانونی طور پر موجود باشندہ، یا ایک درست غیر تارک وطن کی حیثیت میں ہیں (مثال کے طور پر، درست ویزا کے ساتھ آنے والا ایک طالب علم)۔

مختلف امیگریشن کی حیثیت والے کچھ افراد، جیسے بچپن کی آمد کے لیے مؤخر کارروائی (DACA) اور غیر دستاویزی ثبوت والے تارکین وطن ضروری پلان کے لیے اہل نہیں ہیں، لیکن دیگر کوریج اور نگہداشت کے اختیارات حاصل کر سکتے ہیں۔



## اگر میں اپنے امیگریشن کی حیثیت کی وجہ سے اہل نہیں ہو سکتا ہوں اور پھر بھی مجھے نگہداشت کی ضرورت ہو تو کیا کروں؟

اگر آپ امیگریشن کی حیثیت کی وجہ سے ضروری پلان کے لیے اہل نہیں ہو پاتے ہیں، تب بھی آپ کے پاس اختیارات ہیں۔ آپ اپنی صورتحال کی بنیاد پر صرف میڈیکیڈ یا ایمرجنسی خدمات کے لیے میڈیکیڈ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ پتہ لگانے کا سب سے آسان طریقہ NY State of Health کی منڈی پر درخواست دینا ہے۔

اگر آپ صحت کا انشورنس حاصل نہیں کر سکتے ہیں اور آپ کو نگہداشت کی ضرورت ہے، تب بھی آپ اسے NYC میں حاصل کر سکتے ہیں۔ شہر کے عوامی اسپتال کے نظام (NYC Health + Hospitals) اور کمیونٹی صحت کے مراکز آپ کی آمدنی کے اعتبار سے تخفیف شدہ فیس کی بنیاد پر طبی نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔ **مزید معلومات کے لیے** nyc.gov/hilink **کو ملاحظہ کریں۔**

**مزید معلومات کے لیے: nystateofhealth.ny.gov پر NY State of Health کو ملاحظہ کریں، یا 1-855-355-5777 یا 311 پر فون کریں۔**

جملہ حقوق محفوظ 2017، یہ حقائق نامہ NYC Human Resources Administration Office of Citywide Health Insurance Access کی طرف سے صرف معلومات کے مقاصد سے فراہم کیا جاتا ہے۔ اس مواد کے کل یا بعض کو دوبارہ پیش کرنے کی اجازت کے لیے New York City Human Resources Administration سے رابطہ کریں۔